© rasailojaraid.com

# تعارف و تبصرۂ کتب

سمیع الحق

اختر راہی

**بیان السنۃ** مرتب مولانا عبدالحمید سواتی۔ ناشر۔ مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ۔
عقائد کے بارہ میں امام ابوجعفر طحاوی کے مشہور کتاب عقیدۃ الطحاوی کا ترجمہ عربی متن کے ساتھ مولانا عبدالحمید صاحب سواتی کے قلم سے شاہ ولی اللہ دہلویؒ کا رسالہ العقیدۃ الحسنۃ بھی مولانا کے ترجمے کے ساتھ شامل کتاب ہے۔ صفحات ۹۰۔ قیمت ۵/۔ روپیہ

**الفقہ الاکبر** امام اعظم ابوحنیفہ کی تصنیف مع اردو ترجمہ از مولانا عبدالحمید سواتی۔ قیمت ۵۰ پیسے صفحات ۴۸۔ اہل علم کے لئے نہایت مفید ہے۔ پتہ سابقہ

**سوانح قاری فضل کریم** قاری فیوض الرحمان ایم اے۔ صفحات ۱۲۸ قیمت ۵/۔ روپیہ۔
ناشر۔ مجلس ابنائے قدیم مدرسہ تجوید القرآن کوچہ کندیگران لاہور۔ لاہور کے مشہور مجود اور قاری کا تذکرہ ان کے ایک ہونہار شاگرد کے قلم سے۔

**سکرات سے قبر تک** مولانا غلام محمد کراچی۔ صفحات ۳۲ ناشر۔ کریم کمرشل کمپنی ۲/۔ یونیمین مسجد کراچی ملا ۔۔۔ میت، غسل کفن، جنازہ، قبر، تدفین وغیرہ کے بارے میں سنت کے طور طریقے جن کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری غالباً مفت طلب کیا جا سکتا ہے۔

**اہل حدیث کی نمایاں شخصیات** از نذیر احمد ایم اے۔ شائع کردہ۔ جامعہ سلفیہ لائل پور۔ صفحات ۱۴۴۔ قیمت ۵۰ پیسے۔ موضوع نام سے ظاہر ہے۔ البتہ شاہ اسماعیل شہید کو اس میں شامل کرنے میں بحث کی گنجائش ہے۔ اور خود ان کے اعترافات ان کے غیر مقلد ہونے کی تردید میں موجود ہیں۔

**اسلام کا تصور قانون** پروفیسر غلام احمد حریری ایم اے۔ ناشر۔ سابقہ۔ صفحات ۱۱۔ قیمت نامعلوم اس میں اسلام کے تصور قانون کے بعض مآخذ اور زاویوں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

**قادیانیت اور عدالتی فیصلہ** قادیانیوں کے نام چوہدری محمد نسیم سول جج رحیم یار خان کا حکم امتناعی کہ مرزائی سنی آبادی میں اپنا مرکز یا اپنی کوئی مسجد قائم نہیں کر سکتے۔ یہ فیصلہ قادیانیوں کے ایک اقلیتی جماعت

© rasailojaraid.com